27/05/2025

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُنئے

**وفد**

بھارت // پاکستان کی پُشت پناہی والی دہشت گردی کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنے کی اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے ۔ اس بارے میں کثیر کی سُپریا NCP // پارٹی وفود مختلف ممالک کا دورہ کر رہے ہیں ۔ شو سینا کے رکن پارلیمان شری کانت شنڈے کی قیادت میں ایک وفد نے کانگو سولے کی قیادت والے وفد نے قطر // جنتا دل یونائٹڈ کے سنجے کمار جھا کی قیادت والے وفد نے جنوبی کوریا جا کر ان ممالک کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں ۔

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سائنس کو سماج کے تانے بانے کے ساتھ مربوط کرنے سے ایک طرف اختراعیت کو فروغ حاصل ہوتا ہے، تو دوسری طرف لوگوں کے معیار حیات میں کافی حد تک بہتری آتی ہے۔

ادھمپور میں فزیکس بھارت یاترا جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ملک کی گھریلو دفاعی صلاحیتوں اور دفاعی شعبے میں اختراعیت کی بدولت آپریشن سندور کامیاب ہوا ۔

............LG............

پر منعقد کردہ Rashmirathi // دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر نے جموں یونیورسٹی کی طرف سے // راشٹر کوی رام دھری سنگھ دِھنکر کی تواریخی نظم ایک تھیٹر پروگرام میں بھی شرکت کی ۔ اس موقعہ پر منوج سنہا نے ہندی ادب ،بھارت کی قوم پرستی اور سماجیات میں رام دھری سنگھ دھنکر کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج ادا کیا ۔

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تجارتی طبقے کے متعلقین کے ساتھ باہم مشاورت کر کے حقیقت پر مبنی ایک امدادی پیکیج مرتب کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں اقتصادی مندی کوئی نئی نہیں بلکہ گزشتہ برسوں سے چلی آ رہی ہے ۔ وہ سول سیکریٹریٹ سرینگر میں ان سے ملنے آئے کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک وفد سے بات کر رہے تھے ، جس نے وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں مختلف سیکٹروں کو کے صدر جاوید احمد ٹینگا نے کی جنہوں نے تجارت ، ٹریول ، سیاحت ، زراعت ، باغبانی ، تعلیم ، KCCI در پیش معاملات لائے ۔ وفد کی قیادت صحت ، شہری ترقی اور ٹرانسپورٹ جیسے سیکٹروں کو در پیش معاملات پر وزیر اعلیٰ سے تبادلہ خیال کیا ۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلی میں اندرون ملک تیار کردہ بھارت کے اپنی نوعیت کے پہلے موسمیاتی پیش گوئی کے نظام کا افتتاح کیا ۔ یہ نظام سال 2022 سے تجرباتی مرحلے میں تھا جو اب کام کرنے کے لئے تیار ہے ۔ پونے میں قائم انڈین انسٹیچوٹ آف Tropical میٹرولاجی کی طرف سے تیار کیا گیا پیش گوئی کا یہ نظام BFS چھ کلو میٹر کے دائرے کے اندر پیش گوئی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو دنیا کا سب سے بڑا دائرہ ہے ۔

**سکینہ ایتو**

صحت و تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے سرینگر ، اننت ناگ اور کولگام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے انہیں عوامی شکایات کے ازالے کے کیمپ متواتر طور پر منعقد کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ وزیر موصوفہ نے تینوں اضلاع کے مختلف علاقوں میں اپنے حالیہ دوروں کے دوران عوام کی طرف سے ابھارے گئے مسائل پر ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ بات چیت کی ، جن میں بجلی اور پانی کی با قاعدہ سپلائی // بہبودی سکیموں کے رقومات کی واگزاری میں تاخیر // سڑکوں کی خستہ حالت اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل شامل ہیں ۔

**آگ**

شوپیان ضلع کے امام صاحب علاقے میں واقع ایک تعلیمی ادارے جامع سراج العلوم میں آگ لگنے کی بھیانک واردات پیش آئی ہے ۔ ہمارے شوپیان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ آگ لگتے ہی مقامی لوگ اور فائر سروسز نے آگ بجھانے کے کام میں لگ گئے ۔ ابھی تک آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ نہیں چل سکا ہے ۔

**طبی کیمپ**

بھارتی فوج کی چنار کور نے بارہمولہ ضلع میں اوڑی کے سرحدی علاقوں میں ایک مفت طبی کیمپ منعقد کیا ، جس میں حالیہ سرحدی حالات کی وجہ سے متاثرہ علاقوں کے زائد از 5 سو افراد نے شرکت کی ۔ فوجی ڈاکٹروں کی ایک ٹیم نے طبی کیمپ سے استفادہ کرنے والوں کا مفت ملاحظہ کر کے انہیں ضروری کاونسلنگ اور ادویات فراہم کی ۔

**پدم ایوارڈ**

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو شام راشٹر پتی بھون میں آج منعقد ہونے والی دوسری تقریب میں ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزازات یعنی پدم ایوارڈس عطا کریں گی ۔ پدم اعزازات میں پدم وبھوشن // پدم بھوشن // اور پدم شری دئے جاتے ہیں۔ آج کی تقریب میں مجموعی طور پر 68 سرکردہ شخصیات کو پدم ایوارڈ دئے جائیں گے ۔ اس طرح کی پہلی تقریب میں سال 2025 کے لئے 71 اہم شخصیات کو پدم ایوارڈ دئے جا چکے ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ